
© rasailojaraid.com



"ادارہ"

# تبصرۂ کتب



**خطوط ماجدی** | مرتب - ڈاکٹر ابو سلمان شاہ جہان پوری - صفحات ۲۷۲ - قیمت ۶۰ روپے
ناشر ادارہ تصنیف و تحقیق پاکستان - علی گڑھ کالونی - کراچی ۴۱

مولانا عبدالماجد دریاآبادی برصغیر کی عظیم علمی و ادبی شخصیت تھے۔ تفسیر، تاریخ، ادب، فلسفہ اور صحافت کونسا شعبہ ہے جس میں موصوف سباق الغایات نہ ہوں۔ تمام خوبیوں اور کمالات و اوصاف کا احاطہ ناممکن، خطوط ماجدی پیش نظر ہے۔ مولانا دریاآبادی اردو کے عدیم المثال ادیب اور انشاء پرداز تھے۔ زبان پر عبور اور اس کی باریکیوں پر نظر تھی۔ الفاظ کے جوہر شناس تھے۔ طنز کے بادشاہ تھے۔ ان کی ادبی تحریروں میں بہت بڑا حصہ خطوط کی شکل میں موجود تھا جو انہوں نے اپنی زندگی میں اپنے بزرگوں، چھوٹوں اور ہمعصر ساتھیوں کو لکھے ڈاکٹر ابو سلمان تمام ادبی حلقوں سے شکریہ کے مستحق ہیں کہ انہوں نے موصوف کے خطوط کے تیسرے مجموعے کو بہ شاندار طریقہ سے مرتب کیا۔ اور ایک وقیع مقدمہ کے ساتھ طبع فرمایا۔

مولانا دریاآبادی کا خاص اسلوب اور مخصوص طرز تحریر اور خط نویسی کا انوکھا انداز، ادبی حلقوں اور ادبی ذوق رکھنے والے احباب کے لئے ایک گراں قدر تحفہ ہے۔ قیمت اگر موزوں ہوتی تو طالب علم برادری بھی زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کر سکتی۔ (غ ق ح)

**اردو کا ادیب اعظم** | تصنیف مولانا عبدالماجد دریاآبادی صفحات ۱۴۰۔ قیمت درج نہیں۔
ناشر۔ ادارہ تصنیف و تحقیق ۱۸۰۶۔ کراچی ۳۳

ڈاکٹر ابو سلمان صاحب نے مولانا دریاآبادی کی ان تمام تحریروں کو جو انہوں نے اپنی کسی تصنیف، مکتوب یا صدق جدید میں مولانا ابوالکلام آزاد کے متعلق لکھے تھے یک جا جمع کر کے اردو کے ادیب اعظم کے عنوان سے شائع کردیا ہے۔ تحریر کا معیار اور ادبی لطافتوں کے لئے مولانا دریاآبادی کا نام ضمانت ہے۔ مضامین کی بلندی اور مفہومات اور معانی کی اہمیت کے لئے مولانا ابوالکلام بحیثیت عنوان بذات خود جاذب نظر اور دعوت مطالعہ ہے



© rasailojaraid.com